23 ستمبر 2022ء

## زرمبادلہ کے لین دین میں دستاویزیت کو فروغ دینے کے لیے اسٹیٹ بینک کی متعلقہ نظام میں تبدیلی

بینک دولت پاکستان نے زرمبادلہ کے لین دین میں شفافیت کو مزید بہتر بنانے اور دستاویزیت کو فروغ دینے کے لیے ایکسچینج کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ پاکستانی روپے کے بدلے 2000 امریکی ڈالر یا اس سے زیادہ کی (دیگر کرنسیوں کے مساوی) فروخت صرف ادائیگی کے طریقوں سے کی جانی چاہیے، جیسے کہ صارف کے ذاتی بینک اکاؤنٹ سے بینک ٹرانسفر/چیک۔

یہ اقدام اس لیے بھی کیا گیا ہے کہ عام لوگوں کو اپنی زرمبادلہ کی حقیقی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ایسے مختلف بینکنگ چینلز استعمال کرنے کی ترغیب دی جائے جو عام طور پر زیادہ محفوظ ہوتے ہیں ۔

متعلقہ ہدایات درج ذیل لنک پر حاصل کی جاسکتی ہیں:

https://www.sbp.org.pk/epd/2022/FECL15.htm

******